# حکومت گلگت بلتستان

## از دفتر اسسٹنٹ ڈائریکٹر فشریز ضلع غذر

## No.ADF.Acct.1(11)/2025

ٹینڈر نمبر۔ 1(11)/2025          مورخہ 18 ستمبر 2025ء

### ﴿ٹینڈر نوٹس﴾

دفتر محکمہ ماہی پروری ضلع غذر کو برائے مالی سال 2025-2026ء ریگولر بجٹ / ڈیولپمنٹ کے مد میں ٹروٹ ہیچری شرقلعہ اور ٹروٹ فارم اشکش یاسین کے لائیوسٹاک کے لئے مختلف سائز فش فیڈ کی سپلائی دینے کے لئے سر بمہر ٹینڈر کوٹیشنز مطلوب ہیں۔ متعلقہ شعبے سے تعلق رکھنے والے خواہش مند افراد اپنے ٹینڈر کوٹیشنز مورخہ 7 اکتوبر 2025ء بوقت صبح 11:00 بجے تک اسسٹنٹ ڈائریکٹر فشریز آفس ضلع غذر میں جمع کرا سکتے ہیں تمام کوٹیشنز ٹینڈر دہندہ گان کی موجودگی میں اسی روز بوقت 12:00 کو کھول دیئے جائینگے۔ فش فیڈ کی فہرست اور ٹینڈر فارم محکمہ ماہی پروری ضلع غذر کے دفتر سے دفتری اوقات میں بعوض مبلغ 4000 روپے میں حاصل کر سکتے ہیں۔

**شرائط وضوابط:۔**

درجہ ذیل شرائط ٹینڈر میں دیے گئے مالی سال 30 جون 2026ء تک لاگو رہیں گے۔

ا۔ کامیاب ٹینڈر دہندہ دیے گئے نرخ پر مذکورہ مالی سال کے لئے بغیر کوئی بغیر کمی بیشی فش فیڈ مہیا کرنے اور معیار کو برقرار رکھنے کا پابند ہوگا۔

۲۔ فش فیڈ کی فراہمی کے ٹینڈر دہندہ گان کا کسی مصدقہ فش فیڈ کمپنی کا بااختیار ڈیلر ہونا اور فش فیڈ میں 45% انیمل پروٹین کا ہونا ضروری ہوگا۔

۳۔ کامیاب ٹینڈر دہندہ گان بچہ مچھلی فرائی کے لئے لائیو فیڈ یعنی کلیجی، انڈے اور سٹارٹر فیڈ بوقت ضرورت اُسی وقت مارکیٹ ریٹ پر مہیا کرنے کا پابند ہوگا۔

۴۔ حکومت کی طرف سے کسی قسم کا ٹیکس لاگو ہونے کی صورت میں ٹیکس کی ادائیگی ٹھیکدار کے ذمے ہوگی۔

۵۔ نامکمل یا مبہم اور مشروط ٹینڈر قابل قبول نہیں ہوگا۔

۶۔ زیر دستخطی ٹینڈر کو منظور یا مسترد کرنے کا مجاز ہوگا۔

۷۔ ٹینڈر دہندگان کو 2% کے حساب بنام ڈپٹی ڈائریکٹر فشریز کے نام سے کال ڈیپازیٹ جمع کرانا لازمی ہوگا۔

اسسٹنٹ ڈائریکٹر فشریز ضلع غذر

CamScanner